شرائط وضوابط

معزز کسٹمر،

یہ حصہ آپ کو یو بی ایل کار فنانسنگ / لیزنگ پروگرام سے متعلق معلومات فراہم کرنے اور اس کے طریقۂ کار اور قابل اطلاق چارجز کو سمجھنے کے لیے تیار کیا گیا ہے:

۱۔ ٹرانزیکشن کے معاملے میں یو بی ایل کا کردار صرف گاڑی کی خریداری کے لیے فنانسنگ / لیزنگ دینے تک محدود ہے۔

۲۔ آپ فنانس / لیز پر دی جانے والی گاڑی کو منتخب کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔

۳۔ آپ فنانس / لیز پر دی جانے والی گاڑی کی مجموعی حالت کے ذمہ دار ہوں گے۔ آپ کی طرف سے ڈیلیوری قبول کیے جانے وار ڈیلیوری قبول کرنے کے فارم پر دستخط کیے جانے کے بعد گاڑی میں کسی بھی قسم کی خرابی یا نقص کی صورت میں یو بی ایل ذمہ دار نہیں ہوگا۔

۴۔ یو بی ایل گاڑی کی قیمت کے صرف ایک مخصوص حصے کے لیے فنانس / لیز فراہم کرے گا۔ رجسٹریشن، کیپیٹل ویلیو ٹیکس اور اخراجات سے متعلقہ دیگر تمام چارجز مکمل طور پر آپ کی ذمہ داری ہیں۔

۵۔ تمام بیرونی ایجنسی فیس اور چارجز آپ کو برداشت کرنے ہوں گے۔

۶۔ یو بی ایل کی فنانس / لیز کی تقسیم سے پہلے آپ کو اپنا تمام حصہ (ایکویٹی) پیش کرنا ہوگا۔

۷۔ آپ یو بی ایل سے پیشگی تحریری اجازت سے قبل واجب الادا کی مکمل یا جزوی پیشگی ادائیگی نہیں کریں گے۔ اگر یو بی ایل آپ کو کسی بھی قسط یا بقایا رقم کے کسی بھی حصے کی قبل از وقت ادائیگی کی اجازت دیتا ہے تو اُس صورت میں اجازت دینے کی شرط کے طور پر یو بی ایل کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ آپ سے قبل از وقت ادائیگی کے چارجز وصول کرے۔ ایسے چارجز کا تعین یو بی ایل اپنی صوابدید پر کرے گا۔

۸۔ کسی بھی قسم کے چارجز یا سروسز یا کسی بھی دیگر مقصد کے لیے براہِ مہربانی یو بی ایل کے کسی بھی ملازم یا نمائندے کو رقم کی ادائیگی نہ کریں۔ تمام ادائیگیاں بنام یو بی ایل کراسڈ چیک کی صورت میں کی جائیں گی۔

۹۔ یو بی ایل کسی بھی فنانسنگ / لیزنگ کی درخواست وجہ بتائے بغیر مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

۱۰۔ اگر ذیل میں واضح کردہ ٹوٹل کیش آؤٹ لے (TCO) کے لیے آپ کا چیک واپس ہو جاتا ہے تو یو بی ایل کسی بھی درخواست کو مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

۱۱۔ آپ کو درج ذیل چارجز کی ادائیگی کرنی ہوگی:

ا۔ درخواست پر عملدرآمد اور دستاویز کی فیس

ب۔ پہلے سال کی انشورنس

ج۔ ایکویٹی

آپ کی درخواست پر عملدرآمد تمام دستاویزات کے فراہم کیے جانے کے بعد کیا جائے گا۔

e-CIB:

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے الیکٹرانک کریڈٹ انفارمیشن بیورو کے تقاضے کے مطابق تمام بینکوں اور مالیاتی اداروں کے لیے لازم ہے کہ وہ قرض کی رقم سے قطع نظر قرضوں اور ایڈوانسز کی تمام معلومات اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو فراہم کریں۔ قرض کی معمول کی ادائیگی میں کسی بھی قسم کی نادہندگی یا تاخیر کی صورت قرضدار کی اہلیت کو متاثر کرسکتی ہے اور آپ بینکنگ سسٹم سے مزید فنانسنگ /لیزنگ حاصل کرنے میں ناکام ہوسکتے ہیں۔ مزید برآں، کنزیومر قرضوں کی صورت میں واجب الادا رقم کی ایڈجسٹمنٹ کے بعد بھی ایک مخصوص مدّت تک ڈیفالٹ ہسٹری برقرار رکھی جائے گی۔ e-CIB سے متعلق مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی ذیل میں فراہم کردہ ویب سائٹ سے رجوع کریں:

www.sbp.org.pk/ecibhelpdesk.